**06.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ فیصل خان

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں وکشمیر، اڈیشہ اور تلنگانہ میں اہم ریل پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ہے۔

☆ کرناٹک میں بچوں میں HMPV کے دو معاملات سامنے آئے ہیں۔ ریاست کے وزیر صحت نے صورتحال پر غور وخوض کے لیے ایک میٹنگ کی۔ مرکز نے کہا ہے کہ وہ صورتحال نظر رکھے ہوئے ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے نئی دلی میں متعلقہ فریقوں اور ٹریڈ یونین کے نمائندوں کے ساتھ 8 ویں بجٹ سے پہلے کے صلاح ومشورے کی صدارت کی۔

☆ ملک کے شمالی اور مشرقی حصے میں سردی کا سلسلہ جاری ہے۔ کہرے کے سبب کئی شہروں میں ٹرین اور فضائی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔

☆ اور اسکواش میں: بھارت کی Anahat سنگھ برمنگھم میں برٹش جونیئر اوپن کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

---

اب خبریں تفصیل سے---

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ آج ریلوے کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ خطے میں کنکٹویٹی کو مزید مستحکم بنانے کے تحت وزیر اعظم نے نیو جموں ریلوے ڈویژن کا افتتاح کیا۔ جموں ریلوے ڈویژن سے جموں وکشمیر اور اُس سے متصل خطوں کو خاص طور سے فائدہ ہوگا اور یہاں کے عوام کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل ہوگی۔ اِس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، بنیادی ڈھانچے کو فروغ حاصل ہوگا، سیاحت کو بڑھاوا ملے گا، جس سے خطے کی سماجی واقتصادی ترقی ممکن ہوپائے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ میں Charlapalli نیوٹرمنل اسٹیشن کا بھی افتتاح کیا اور ایسٹ کوسٹ ریلوے کے رائے گڑھ ریلوے ڈویژن کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ جموں وکشمیر، تلنگانہ اور اڈیشہ میں ریل کے بنیادی ڈھانچے کے

پروجیکٹوں کے آغاز سے سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور اِن خطوں کی سماجی اور اقتصادی ترقی مستحکم ہوپائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی خاطر گامزن ہے اور اِس سلسلے میں بھارتی ریلویز کا فروغ انتہائی اہم ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت ریلوے لائنوں کی تقریباً سو فیصد بجلی کاری کے قریب ہے۔

اِس موقع پر ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ جموں ریلوے ڈویژن کے قیام سے جموں وکشمیر میں نئ سہولتوں کے آغاز میں مدد ملے گی۔ اِس موقع پر اڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن ماجھی، جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ اورتلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بھی خطاب کیا۔

## HMPV

چین میں Human Metapneumovirus (HMPV) کے پھیلنے کی تشویش کے دوران کرناٹک میں HMPV کے دو معاملات کا پتہ چلا ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے مطابق طبی تحقیق کی بھارتی کونسل ICMR نے Human Metapneumovirus کے دو مریضوں کا پتہ لگایا ہے۔ مرکزی وزارت صحت، جانچ کے اپنے سبھی ذرائع کے ساتھ حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ تین مہینے کی ایک بچی اور 8 مہینے کے ایک بچے میں اس وائرس کا پتہ چلا ہے۔ دونوں بچوں کا علاج چل رہا ہے اور وہ صحتیاب ہوگئے ہیں۔ ان دونوں مریضوں نے کوئی بین الاقوامی سفر بھی نہیں کیا ہے۔ وزارت کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ HMPV بھارت سمیت پوری دنیا میں موجود ہے اور کئی ملکوں میں HMPV سے متعلق تنفّسی امراض کی اطلاع ملی ہے۔

کرناٹک کے صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر دنیش Gundu راؤ نے بنگلورو میں HMPV کے دو معاملات سامنے آنے کے بعد اپنے محکمے کے عہدیداران کے ساتھ تبادلہ خیال کے لیے ایک میٹنگ طلب کی ہے۔ آج میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وہ ICMR کے ساتھ رابطے میں ہے اور ایک سے دوسرے میں پھیلنے والے وائرس سے نمٹنے کے لیے سبھی احتیاطی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

## DELHI VIRUS

دلی کے صحت سے متعلق حکام نے Human Meta Pneumo Virus(HMPV) اور سانس کی تکلیف سے متعلق دیگر وائرس کے ممکنہ صحت خطرات کیلئے تیاری کو یقینی بنانے کی خاطر ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اسپتالوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مربوط صحت کی معلومات سے متعلق جامع پلیٹ فارم IHIP پورٹل کے ذریعے انفلوئنزا جیسی بیماری اور سانس لینے میں شدید تکلیف کے انفیکشن کے بارے میں فوری طور پر رپورٹ کریں۔ بیماری کی صورت میں الگ تھلگ کئے جانے کے سخت ضابطوں اور مشتبہ معاملات کیلئے احتیاطی تدابیر کو بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔

اسپتالوں کو ہلکی بیماری کے معاملات کے علاج کے لیے ادویات اور کھانسی کے سیرپ دستیاب کرانے کو یقینی بنانے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ چین میں سانس لینے میں تکلیف کی بڑھتی بیماری کے پیش نظر یہ سفارشات کی گئی ہیں۔

**PANCHAYAT SE PARLIAMENT**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج نئی دلّی میں سمویدھان سَدن کے وسطی ہال میں پنچایت سے پارلیمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام میں 20 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پنچایتی راج اداروں سے تقریباً 500 منتخب خواتین نمائندگان حصہ لے رہی ہیں۔ پنچایتی راج اداروں کی درج فہرست قبائل سے منتخب خواتین نمائندگان کو باختیار بنانا، اور اُن میں لیڈر شِپ کا عنصر پیدا کرنے کیلئے آئینی قرار دادوں، پارلیمانی کارروائیاں اور گورننس کے بارے میں اُن کی جانکاری میں اضافہ کرنا اِس پروگرام کا مقصد ہے۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے اوم برلا نے کہا کہ پنچایتی راج ادارے گاؤوں کی ترقی اور خود مختار بھارت کے وژن کو سچ کرنے کیلئے کام کررہے ہیں۔×

**BJP KEJRIWAL HOUSE**

بی جے پی نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال کی بطور دلی کے وزیر اعلیٰ اپنی رہائش گاہ پر مبینہ طور پر ایک بڑی رقم خرچ کرنے پر نکتہ چینی کی ہے۔ کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے دلی بی جے پی کے سربراہ ویریندر سچدیوا نے میڈیا کو بتایا کہ جس وقت کووِڈ-19 کے دوران دلی کے لوگ تکلیف میں تھے، جناب کیجریوال اپنی اُس رہائش گاہ پر آنے والے خرچ کے تخمینے پر دستخط کررہے تھے، جسے وہ شیش محل کہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2022 تک کی سی اے جی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تعمیر کے کام کے لیے پی ڈبلیو ڈی سے اجازت نہیں لی گئی تھی۔

**NIRMALA-BUDGET**

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے آج نئی دلی میں متعلقہ فریقوں اور ٹریڈ یونینوں کے نمائندوں کے ساتھ 8 ویں بجٹ سے پہلے کے صلاح ومشورہ کی صدارت کی۔ 26-2025 کے مرکزی بجٹ کے پیش کئے جانے سے پہلے یہ میٹنگ منعقد ہوئی ہے۔ اِس میٹنگ میں خزانے کے مرکزی وزیر مملکت پنکج چودھری، خزانے کے محکمے کے سکریٹری صاحبان، اقتصادی امور کے محکمے، وزارتِ محنت اور چیف اقتصادی مشیر نے شرکت کی۔

**TN ASSEMBLY SESSION**

تمل ناڈو ریاستی اسمبلی کا سرمائی اجلاس آج شروع ہوا۔ یہ 11 جنوری تک جاری رہے گا۔ اسپیکر Appavu نے گورنر

کے خطاب کا متن تمل زبان میں پڑھا، بعد میں ایوان کے لیڈر دُورئی مُروگن نے گورنر کی تقریر کو انگلش اور تمل زبان میں شامل کرنے کی سفارش کو اسمبلی کے ایجنڈے میں شامل کرنے کی اپیل کی۔ بعد میں اس کو ایک صوتی ووٹ کے ذریعہ شامل کرلیا گیا۔ اجلاس کے بعد اسپیکر Appavu نے کہا کہ ریاستی اسمبلی کی روایات پچھلے اجلاس کے مطابق جاری رہیں گی اور اُس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ اُدھر تمل ناڈو کے گورنر آر این روی نے ایک ٹوئیٹ میں کہا کہ تمل ناڈو اسمبلی میں بھارت کے آئین اور قومی ترانے کی بے حرمتی کی گئی ہے۔×

## BIHAR KISHOR ARREST

بہار میں جن سوراج پارٹی کے لیڈر پرشانت کشور کو آج پٹنہ میں بی پی ایس سی معاملے کے سلسلے میں حراست میں لے لیا گیا ہے۔ کشور اور ان کے حامیوں کے خلاف صبح سویرے کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے پٹنہ کے گاندھی میدان میں مہاتما گاندھی کے مجسمہ کے مقام سے انہیں جبراً ہٹایا۔ 13 دسمبر 2024 کو پیپر لیک ہونے کے الزامات کے پیش نظر پرشانت کشور بہار پبلک سروس کمیشن کی جانب سے منعقدہ 70ویں سرکاری سول سروسز کے پری ملیمری امتحان کو منسوخ کئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے غیر معینہ مدت کے لیے بھوک ہڑتال پر بیٹھے تھے۔ حراست میں لیے جانے کے بعد جناب کشور کو پٹنہ کے ایمس لے جایا گیا۔ اِس سے قبل ضلع انتظامیہ نے انہیں خبردار کیا تھا اور اُن سے یہ کہتے ہوئے اُس مقام سے چلے جانے کو کہا تھا کہ وہ گاندھی میدان میں ایک ایسی جگہ بیٹھے ہیں، جہاں رکنے پر پابندی ہے۔

پٹنہ کے ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر چندر شیکھر سنگھ نے کہا کہ جناب کشور قانون کی خلاف ورزی کررہے تھے اور انہیں اِس سے پہلے گاندھی میدان میں اُس جگہ کو خالی نہ کرنے کے سلسلے میں ایک نوٹس دیا گیا تھا، جہاں رکنے پر پابندی ہے۔ جن سورج پارٹی کے لیڈر اور اُن کے کچھ حامیوں کے خلاف ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی ہے۔

## SRINAGAR-JAMMU HIGHWAY OPEN

جموں وکشمیر میں محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ پورے کشمیر خطے میں آج دوپہر کے بعد موسم بہتر ہونے کی توقع ہے۔ تازہ برفباری کی وجہ سے کشمیر خطے میں سرد لہر میں شدت آ گئی ہے اور عام زندگی مفلوج ہوگئی ہے۔ کشمیر خطہ میں پچھلے سال 21 دسمبر سے 40 دن کا شدید سردی کا چلّۂ کلاں جاری ہے۔ انتظامیہ نے ضلعی سطح کے ایمرجنسی کنٹرول روم قائم کئے ہیں، تاکہ پیرپنجال اور چنار وادی جیسے کشمیر کے علاقوں میں فوری طور پر کارروائیاں انجام دی جاسکیں۔×

## J&K HIGHWAY CLOSE

جموں وکشمیر میں 275 کلو میٹر طویل اہم جموں-سری نگر قومی شاہراہ NH-44 بھاری برفباری کی وجہ سے ٹریفک کیلئے بند کردی

گئی ہے۔ پچھلی رات قاضی گُنڈ میں شدید برفباری کی وجہ سے جموں-سری نگر قومی شاہراہ پر دونوں طرف سے ٹریفک کی آمد ورفت بند کردی گئی ہے۔ حکام نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ موسم کے بہتر ہونے تک قومی شاہراہ پر جانے سے گریز کریں۔ اُدھر تاریخی مغل روڈ، جو قومی شاہراہ کے متبادل کے طور پر استعال کیا جاتا ہے، وہ بھی آج مسلسل دسویں دن بند رہا۔

ملک کے شمالی خطے میں گھنا کُہرا چھائے رہنے اور کم دوری تک دکھائی دینے کی وجہ سے کئی ریل گاڑیوں کی آمد ورفت متاثر ہوئی ہے۔ بھارتی ریلویز کے مطابق دلّی آنے والی تقریباً 30 ریل گاڑیاں تین گھنٹے تک تاخیر سے پہنچ رہی ہیں۔ شرم شکتی ایکسپریس، پورا ایکسپریس، پدماوَت ایکسپریس، ایودھیا ایکسپریس، لکھنؤ میل، شرم جیوی ایکسپریس، وِکرم شیلا ایکسپریس اور مالوا ایکسپریس تاخیر سے پہنچنے والی گاڑیوں میں شامل ہیں۔ مسافروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ اسٹیشن آنے سے پہلے ریل گاڑیوں کے تازہ وقت کے بارے میں جانکاری حاصل کرلیں۔×

## IMD WEATHER

شمالی بھارت میں، شدید سردی جاری ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گِلگت، بلتستان اور مظفرآباد میں، آئندہ چار پانچ دن کے دوران درجۂ حرارت میں، چار سے پانچ ڈگری سیلسئس، بتدریج کمی کا امکان ہے۔ محکمے نے، آج ہماچل پردیش کے الگ الگ علاقوں میں، گرج چمک کے ساتھ، شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

آج صبح دلّی کے بیشتر علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی، جس سے قومی راجدھانی میں درجہ حرارت کم ہوگیا۔ بھارتی محکمہ موسمیات IMD کے مطابق آج صبح دلّی کا درجہ حرارت 9 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اُدھر آج صبح دلّی-NCR میں گھنے کہرے کی وجہ سے ریل اور سڑک ٹریفک میں رخنہ پڑا۔×

## PREZ -PM GURU GOBIND SINGH

ملک آج شری گرو گوبند سنگھ جی مہاراج کا 358 واں یوم پیدائش پرکاش پَرو منا رہا ہے۔ بہار میں پٹنہ صاحب میں یہ تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔سکھوں کے 10ویں گرو کے یوم پیدائش پرکاش اُتسو کے موقع پر مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ پنجاب میں بھی گوردواروں کو پھولوں اور روشنیوں سے سجایا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج گرو گوبند سنگھ جی کے پرکاش پَرو کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ انسانیت کی بہتری اور بھلائی کے لیے گرو گوبند سنگھ کی بے لوث خدمات عوام کو تحریک دیتی رہیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرو گوبند سنگھ نے ہمیشہ مساوات اور انصاف کی وکالت کی۔ صدر جمہوریہ نے امید ظاہر کی کہ گرو گوبند سنگھ کی لافانی تعلیمات، سچائی، امن اور بھائی چارہ کے راستے پر چلنے کی خاطر ملک کی رہنمائی کرتی رہیں گی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گرو گوبند سنگھ جی کو اُن کے پرکاش پَرو کے موقعے پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ گرو گوبند سنگھ کے افکار و نظریات لوگوں کو ایک ترقی پذیر، خوشحال اور ہمدردی سے بھرپور معاشرے کی تشکیل کے لیے ترغیب دیتے رہیں گے۔

**SQUASH BRITISH JUNIOR OPEN**

اسکواش میں بھارت کی Anahat سنگھ انگلینڈ کے برمنگھم میں برٹس جونیئر اوپن کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے مصر کی رقیہ سالم کو کل 17 سال سے کم عمر کی لڑکیوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں تین ایک سے ہرایا۔

**JAISHANKAR-SULIVAN**

آج نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sulivan کے درمیان ایک میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے دوران باہمی، علاقائی اور عالمی تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ بھارت-امریکہ تعلقات کو مزید بہتر بنانے کیلئے Jake Sulivan کی ذاتی کاوشوں کی قدر کرتے ہیں۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اپنے ہم منصب Jake Sulivan سے آج نئی دلّی میں ملاقات کریں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆